# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلوم اسلامی

## (شعبہ حدیث وسیرت)

کورس: اسلامیات اختیاری (437) سمسٹر: بہار 2014ء
سطح: بی اے

## بستہ برائے طلبہ

عزیز طلبہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو مندرجہ ذیل مواد بھیجا جا رہا ہے، اگر بستے میں کوئی چیز موصول نہ ہو تو اس کی اطلاع شعبۂ ترسیل علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کو دیں تا کہ اس کی کو پورا کیا جاسکے۔

| | | |
|---|---|---|
| -1 | کتاب اسلامیات (اختیاری) | 1 عدد |
| -2 | عمومی رہنمائے طلبہ | ایک عدد |
| -3 | امتحانی مشق نمبر 1 تا 4 | ایک عدد |
| -4 | فارم برائے امتحانی مشق | 12 عدد |
| -5 | اوقات نامہ | (الف) مشقی کام (ب) تعلیمی اجتماعات |

کورس رابطہ کار

محمد رفیق صادق
لیکچرار
شعبہ حدیث وسیرت

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلوم اسلامی
## (شعبہ حدیث وسیرت)

کورس: اسلامیات اختیاری (437)　　　　سمسٹر: بہار 2014ء

سطح: بی اے

## رہنمائے طلبہ

عزیز طلباء وطالبات! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اسلامیات اختیاری (437) کے کورس میں ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں اور دینی تعلیم سے آپ کی دلچسپی کی قدر کرتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ اس کورس کو بہت مفید پائیں گے۔

آپ کی توجہ کے لیے عرض ہے کہ فاصلاتی نظام تعلیم میں بذریعہ مراسلت تعلیم حاصل کرنے کے لیے آپ کو زیادہ محنت کرنا ہوگی اس کے علاوہ پابندی وقت اور مستقل مزاجی کے ساتھ مطالعہ کی عادت اپنانا ہوگی۔

یونیورسٹی کورس/مضمون کے مختلف ابواب کو یونٹس کہا جاتا ہے اور ایک یونٹ میں ایک ہفتے کا مطالعاتی مواد ہوتا ہے اس لیے ایک ہفتے میں ایک یونٹ کا مطالعہ ضرور کیجیے۔ مطالعہ کے دوران اہم نکات اور ضروری معلومات کو پنسل سے انڈر لائن کر لیں اور بہتر ہے کہ ہر یونٹ کا خلاصہ اور اہم نکات نوٹ بک پر لکھ لیجیے۔ اس طرح معلومات جلد ذہن نشین ہو جائیں گی اور آپ کو بار بار یونٹ پڑھنے اور اسے یاد کرنے کی ضرورت محسوس نہ ہوگی نیز مطالعہ یکسوئی اور توجہ سے پرسکون ماحول میں کیجیے۔

مطالعہ کے ساتھ ساتھ امتحانی مشقی کام کو بھی پیش نظر رکھیے ایک مشقی کام چار یونٹوں پر مبنی ہوتا ہے اس لیے ان یونٹوں کا مطالعہ کرانے کے بعد مشقی کام حل کیجیے اور جوابات خوش خط لکھیے۔ مشقی کام مکمل کرنے کے بعد فارم برائے مشقی کام (تین عدد) پر کر لیجیے۔ ان فارموں پر اپنا نام، پتہ اور رول نمبر وغیرہ احتیاط سے لکھیے اور کوئی کالم خالی نہ چھوڑیے اس کے بعد مشقی کام مع فارم (پرت) مقررہ کورس ٹیوٹر کو مشقی کام بھیجنے کی آخری تاریخ سے پہلے ارسال کر دیجیے جو اسے چیک کرنے کے بعد آپ کو واپس بھیج دیں گے۔ مشقی کام نمبر 2 حل کرنے سے پہلے چیک شدہ مشقی کام اپنے سامنے رکھیے اور ان غلطیوں کو دہرانے سے احتراز کیجیے جن کی نشاندہی ٹیوٹر نے پہلے مشقی کام میں کی ہو، اس سے آپ کے دیگر مشقی کام کا معیار بہتر ہوگا اور آپ پہلے سے زیادہ نمبر حاصل کر سکیں گے۔

ہمیں امید ہے کہ یہ کورس آپ کے لیے مفید معلومات کا ذریعہ بنے گا اور آپ کی عملی زندگی میں مد ومعاون ثابت ہوگا۔


کورس رابطہ کار

محمد رفیق صادق

لیکچرار

شعبہ حدیث وسیرت

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی و علوم اسلامی

## (شعبہ حدیث و سیرت)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

**1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

**2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

کورس: اسلامیات اختیاری (437) — سمسٹر: بہار 2014ء

سطح: بی اے — کل نمبر: 100

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1 تا 5)

نوٹ: مشقی کام شروع کرنے سے پیشتر متعلقہ یونٹوں کا مطالعہ ضرور کریں۔

سوال نمبر 1- سورۃ آل عمران آیت نمبر 33 تا 37 کا لفظی ترجمہ کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2- سورۃ آل عمران آیت نمبر 38 تا 41 کا با محاورہ ترجمہ کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3- سورۃ آل عمران آیت نمبر 55 تا 68 کا لفظی ترجمہ کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4- سورۃ آل عمران آیت نمبر 83 تا 85 کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد "اسلام دین کائنات اور دین انسانیت" کے موضوع پر جامع نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 5- اردو میں ترجمہ اور مکمل تشریح کیجئے۔ (10+10=20)

(1) وللّٰہ میراث السمٰوٰت والارض (2) واللّٰہ عندہ حسن الثواب

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 6 تا 9)

کل نمبر: 100

سوال نمبر 1- باب البر والصلۃ کا خلاصہ لکھئے اور اس باب کی حدیث نمبر 2 اور 3 کا ترجمہ اور تشریح کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2- باب الغضب والکبر کی دونوں حدیثوں کا ترجمہ و تشریح کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3- باب الاسلام کی حدیث نمبر 2 اور 5 کا ترجمہ اور تشریح کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4- باب حفظ اللسان من الغیبۃ والشتم کی حدیث نمبر 3، 4، 5اور نمبر 6 کا با محاورہ ترجمہ اور تشریح کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5- مختصر جوابات دیجئے۔ (10x2=20)

1- "المرءُ مع من أحَبَّ" کے معنی کیا ہیں؟

2- کلمہ اور حکمت سے کیا مراد ہے؟

3- بغض سے کیا مراد ہے؟

4- رذائل اخلاق سے کیا مراد ہے؟

5- حدیث قدسی سے کیا مراد ہے؟

6- اجازت مانگنے کا مسنون طریقہ کیا ہے؟

7- کیا مرد نا واقف عورت کو سلام کر سکتا ہے؟

8- کیا غیر مسلموں کو سلام کرنا جائز ہے؟

9- رحمت وشفقت کی کیا حد ہے؟

10- کیا تقریر وتحریر میں صاف گوئی سے کام لینا ضروری ہے؟

## امتحانی مشق نمبر 3

(یونٹ نمبر 10 تا 13)

کل نمبر:100

سوال نمبر 1- المختصر القدوری کے باب اوقات الصلوٰۃ کی روشنی میں نماز پنج گانہ کے اوقات کا تعین کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- سجدۂ سہو واجب ہونے کی پانچ صورتیں تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- باب الکسوف اور باب الجنائز کا خلاصہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- باب صلاۃ المریض اور باب صلوٰۃ الجمعہ کا با محاورہ اردو ترجمہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- مکروہات نماز پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 4

(یونٹ نمبر 14 تا 18)

کل نمبر:100

سوال نمبر 1- (الف) بنو عباس کے عہد میں دینی علوم میں ہونے والی خدمات بیان کریں۔ (10)

(ب) اندلس میں اسلام پر مختصر نوٹ لکھیں۔ (10)

سوال نمبر 2- خاندان بنو اُمیہ کا تعارف اور سانحۂ کربلا پر نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- بنو عباس کا تعارف اور ہارون الرشید کے کارنامے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- ہلاکو خان کا بغداد پر حملے کے بارے میں نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5- مامون الرشید کے کارنامے تحریر کریں۔ (20)